تحریک لبیک پاکستان

مرکزی دفتر : 72 گرین پارک اتحاد کالونی نزد سکیم موڑ ملتان روڈ، لاہور

E-mail: Tehreeklabbaiklhr@gmail.com

پریس ریلیز

مورخہ: 27-05-2023 **حوالہ نمبر: ---------**

تحریک لبیک پاکستان کا کراچی سے شروع ہونے والا پاکستان بچاؤ مارچ چھٹے روز نوشہرو فیروز سے شروع ہو کر لاڑکانہ پہنچ گیا۔حافظ سعد رضوی سمیت تحریک لبیک کی مرکزی قیادت و کارکنان اور شہریوں نے تپتی دھوپ میں لاڑکانہ کا سفر طے کیا۔حافظ سعد حسین رضوی سمیت دیگر مرکزی قائدین نے کارکنان کے ہمراہ رات کھلے آسمان تلے گزاری۔دوران لانگ مارچ تحریک لبیک پاکستان کے کارکنان روایتی سیاستدان بھگاؤ پاکستان بچاؤ کے نعرے لگاتے رہے۔مارچ جیسے جیسے سندھ کے مختلف علاقوں سے گزر رہا ہے ساتھ ساتھ شرکاء کی تعداد میں مزید اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔مارچ کے شرکاء پرعزم اور ہر روز نئے پر جوش ولولے کے ساتھ اپنی اگلی منزل کی طرف روانہ ہو رہے ہیں۔نوشہرو فیروز میں پاکستان بچاؤ مارچ کی روانگی سے قبل حافظ سعد حسین رضوی نے عوام سے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان ہمارے بڑوں نے کلمہ طیبہ کی بنیاد پر حاصل کیا تھا،ظالم حکمران جو جو ملک کو 76 سالوں سے لوٹ رہے ہیں،انہوں نے ملک کے ساتھ معاشی وسیاسی اور خارجی طور پر جو کھلواڑ کیے ہیں،ان کا خمیازہ عوام بھگت رہے ہیں۔پاکستان کو مہنگائی، ظلم، جبر اور لاقانونیت، ڈاکہ زنی کی چکی میں روایتی اور ظالم حکمرانوں نے ڈالا ہے۔اے بی سی پڑھنے والی 13 جماعتوں سے مل کر معیشت نہیں سنبھل رہی رسول اللہ کے نظام کو جگہ دوا ل،م پڑھنے والے محمد عربی کا نظام لائیں گے تو ہر غریب عدل اور ہر پسا طبقہ عزت پائے گا۔ لنڈے کے انگریز چاہتے کہ پاکستان میں دین کا نظام نہ آئے مگر محمد عربی کے غلام جاگ گئے ہیں رسول اللہ ﷺ کا دین اب تخت پر آ کر رہے گا۔انہوں نے کہا کہ ہمارے مارچ میں لوگ دہاڑی اور بریانی پر نہیں آئے یہ حضور کے غلام پاکستان بچانے پٹرول سستا کروانے ،مہنگائی کم کروانے اور ناموس رسالت ﷺ کے غداروں کو لٹکانے کے لیے آئے ہیں۔موجودہ اور سابقہ حکمرانوں نے نیوکلیئر پاور والے ملک کو اس حال میں پہنچا دیا ہے کہ آج بین الاقوامی وفد ملک میں آ کر کہہ رہے ہیں کہ پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو روک دو۔تب ہم آپ کو سود پر پیسہ دیں گے اور تمہارے اسٹیٹ بنک کو مستحکم کرینگے۔مارچ میں تحریک لبیک پاکستان کی مجلس شوریٰ کے اراکین پیر سید ظہیر الحسن شاہ، قاضی محمود اعوان، علامہ غلام غوث بغدادی، مفتی عمیر الازھری، ڈاکٹر محمد شفیق امینی ،مفتی وزیر احمد رضوی، علامہ فاروق الحسن قادری، صاحبزادہ انس حسین رضوی، صوبہ سندھ، اندرون سندھ، کراچی حیدرآباد ڈویژن ، مقامی قیادت اور ہزاروں کی تعداد میں کارکنان سمیت عوام کی بھی بڑی تعداد موجود ہے۔تحریک لبیک کے پلان کے مطابق مارچ کے شرکاء نے چھٹی رات لاڑکانہ شہر میں گزاری۔مارچ کا آغاز آج 12 بجے دن دوبارہ لاڑکانہ سے ہوگا۔مزید امیر تحریک لبیک پاکستان حافظ سعد حسین رضوی نے صدر بول نیوز و سینئر اینکر پرسن سمیع ابراہیم کے اسلام آباد سے اغوا کا معاملے پر گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ سمیع ابراہیم کے اغوا کو چار روز گزر گئے مگر حکومتی اداروں کا بازیابی میں ناکام ہونا قابل مذمت ہے،حکومت اداروں نے دو روز تک اسلام آباد ہائی کورٹ میں سمیع ابراہیم کی بازیابی کی رپورٹ پیش کرنے کے بجائے اب تک صرف تاخیری حربوں سے کام لیا ہے،سمیع ابراہیم کی بازیابی کے لئے چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ پیر کے روز حکومت اداروں کو واضح حکم دیں ورنہ آئی جی کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کریں حافظ سعد رضوی کی چیف جسٹس سے اپیل.

جاری کردہ

شعبہ نشر و اشاعت

تحریک لبیک پاکستان